# دی GENVASC اسٹڈی

## اور آپ کی این ایچ ایس (NHS) ہیلتھ جانچ

*مختصر معلوماتی شیٹ*

کیا آپ **دل کے مرض** سے نپٹنے کے لئے ہونے والے ریسرچ میں ہماری مدد کرنا پسند کریں گے؟

جس وقت آپ اپنی این ایچ ایس ہیلتھ جانچ کروارہے ہونگے ہم آپ کو GENVASC اسٹڈی میں حصہ لینے کے لئے مدعو کرنا چاہیں گے۔ آپ دل کا مرض یا گردش خون سے متعلق اعضاء کے مسائل کے خطرات کا تجزیہ کرنے کی غرض سے ایک این ایچ ایس ہیلتھ جانچ کروا رہے ہیں۔ اس جانچ میں آپ کے خون کے ایک نمونے کی ٹیسٹنگ اور جانچ کے وہ عوامل شامل ہیں جن کے بارے میں ہمیں علم ہے کہ وہ آپ کے کارڈیو وسکولر مرض ہونے کے مواقع کو متاثر کرتے ہیں، جیسے آپ کی عمر، جنس، خون کا دباؤ، کالیسٹرال کی سطح اور آیا آپ سگریٹ نوشی کرتے ہیں یا نہیں یا آپ کو ذیابیطس ہے یا نہیں۔

اگلے صفحے پر جاری

یہ تمام چیزیں ان لوگوں کی شناخت کرنے میں ہماری مدد کرنے کے لئے اہم ہیں جنہیں زیادہ خطرہ لاحق ہے اور اس سے ہمیں ابتدائی مرحلے میں احتیاطی اقدامات نافذ کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ اگرچہ، یہ ٹیسٹس مکمل نہیں ہیں اور کچھ لوگ جن کی شناخت ان لوگوں کے طور پر کی گئی تھی کہ انہیں کم یا اوسط درجہ کا خطرہ لاحق ہے، انہیں بھی کارڈیووسکولر مسائل سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ یہ اسلئے کیونکہ دوسرے عوامل کار فرما ہوتے ہیں، مثال کے طور پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دوسروں کے مقابلے میں کچھ خاندانوں میں کارڈیووسکولر مرض زیادہ تواتر کے ساتھ رونما ہوتے ہیں، اسلئے جینیات اور ڈی این اے بھی دل کے مرض کو ڈیولپ کرنے کے خطرے کو بڑھانے میں ایک کردار ادا کرتے ہیں۔

## **GENVASC** اسٹڈی آخر ہے کیا؟

حالیہ برسوں میں دل کے مرض کے خطرے کو متاثر کرنے والے جینیات کی شناخت کے سلسلے میں کافی پیش رفت ہوئی ہے۔ GENVASC اسٹڈی (جو جینیٹکس اینڈ دی وسکولر ہیلتھ چیک پروگرام کا مخفف ہے) میں آپ جیسے ہزاروں لوگ شامل ہیں اور اس کا مقصد اس بات کی جانچ کرنا ہے کہ آیا دوسرے ٹیسٹ کردہ عوامل کے ساتھ جینیاتی معلومات کو شامل کرنے سے اس بات کی بہتر پیشن گوئی میں مدد مل سکتی ہے کہ کسے کارڈیووسکولر مرض ڈیولپ کرنے کا خطرہ لاحق ہے۔

## اس میں کیا چیزیں **شامل** ہیں؟

اس اسٹڈی میں حصہ لینا واقعی آسان ہے کیونکہ یہ آپ کی صحت کی جانچ کے ساتھ وابستہ ہے۔ آپ کو بس رضامندی کے ایک فارم پر

دستخط کرکے ہمیں اپنے طبی معلومات میں سے کچھ کے رازدارانہ استعمال کی اجازت دینی ہوتی ہے اور ہمیں خون ایک نمونہ فراہم کرنا ہوتا ہے۔ زیادہ تر معاملات میں خون کا نمونہ آپ کی صحت کی جانچ کے نمونے کے ساتھ ہی لے لیا جاتا ہے اور اس میں کوئی فالو اپ ملاقاتیں یا معالجات شامل نہیں ہوتے۔

میرے **خون کا نمونہ** اور اعدادوشمار کیا ہونگے؟

آپ کے خون کا نمونہ اور اعدادوشمار این آئی ایچ آر لیسٹر کارڈیووسکولر بایومیڈیکل ریسرچ اکائی (NIHR Leicester Cardiovascular Biomedical Research Unit) میں اسٹڈی میں استعمال کرنے کی غرض سے بہ حفاظت اسٹور کر دئے جائیں گے۔

مجھے یہ کس طرح معلوم ہو کہ اس اسٹڈی میں میری **شرکت** کے تئیں رازداری برتی جائے گی؟

اس اسٹڈی میں آپ کی شرکت بصیغۂ راز ہوگی کیونکہ آپ کو ایک یونیک اسٹڈی نمبر جاری کیا جائے گا۔ آپ کے خون کا تجزیہ کرنے والے ریسرچرز کو صرف آپ کے نمبر کا علم ہوگا، نام کا نہیں۔

اگلے صفحے پر جاری

یہ اہم ریسرچ کیوں کی جارہی ہے، اس کے بارے میں **مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے**، برائے کرم فراہم کردہ تفصیلی شریک معلوماتی شیٹ کو پڑھیں۔ اگر آپ تفصیلی معلوماتی شیٹ پڑھنے کے بعد یا اس کے بعد کسی وقت اس ریسرچ سے علیحدہ ہونا چاہتے ہیں تو اپنی نگہداشت یا قانونی حقوق کے تئیں کسی تعصب کے بغیر ایسا کرنے کے لئے آزاد ہیں۔

اس عمل میں حصہ لینا رضاکارانہ عمل ہے، لیکن برائے کرم اس میں شامل ہوں۔ اس کے نتائج کا انحصار شرکت کے لئے رضامند ہونے والے لوگوں کے بڑی تعداد میں نمونے پر ہے اور مستقبل میں زندگیوں کو بچانے میں مدد کے لئے یہ بہت ہی اہم ہے۔